# 04-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کاماریڈی ضلع کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کیلئے خصوصی فنڈس جاری کرنے کا اعلان کیا ہے۔

۲۔ وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے کہا ہے کہ حکومت تعلیم اور صحت کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔

۳۔ مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے کہا ہے کہ جی ایس ٹی اصلاحات سے طبی علاج کے اخراجات کم ہوں گے اور عوام کی زندگی بہتر ہوگی۔

۴۔ مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ گھریلو صنعتوں کی ضروریات کی تکمیل کیلئے ملک میں جلد ہی منرل ٹریڈنگ ایکسچینج قائم کیا جائے گا۔

WEATHER

اگلے پانچ دن کے دوران تلنگانہ میں اکا دوکا مقامات پر گرج چمک اور طوفانی ہواؤں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے آج اپنی رپورٹ میں بتایا کہ آئندہ سات دن کے دوران ریاست کے بعض علاقوں یا اکا دوکا حصوں میں ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندہ باندی ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ تلنگانہ میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق ہے۔

AMIT SHAH

مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ ہفتہ کو حیدرآباد میں 46 ویں سالانہ گنیش جلوس میں شرکت کرنے والے عقیدتمندوں سے خطاب کریں گے۔ بھاگیہ نگر اتسو سمیتی نے بتایا کہ امیت شاہ ہفتہ کی دوپہر معظم جاہی مارکٹ پر جلوس سے خطاب کریں گے۔ امیت شاہ کے ہمراہ تریپورہ کے گورنر اندرسین ریڈی، رام کرشنا مٹ کے سربراہ سری سری ستیا تما تیرتھ سوامی جی اِس جلوس میں خصوصی مہمانوں کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔

FOOD SAFETY:

تلنگانہ کے کمشنر آف فوڈ سیفٹی نے ریاست کے مختلف اضلاع میں ہوٹلوں، میس، چکن کی دوکانوں اور ہاسٹلس کا اچانک معائنہ کیا۔ ان مقامات کا جائزہ لینے کے بعد کمشنر نے انتظامیوں کو 7 علیحدہ نوٹسیں جاری کیں۔ ملاوٹ کا پتہ لگانے کے لئے 18 نمونے بھی جمع کئے گئے۔ تین مقامات پر ایسی اشیاء کا ذخیرہ پایا گیا جن کے استعمال کے مدد گزر چکی تھی۔ کمشنر نے عوام سے کہا ہے کہ وہ چوکس رہیں اور قوانین کی خلاف ورزی سے انہیں مطلع کریں۔ عوام telanganacfs@gmail.com یا ہلپ لائن 9100105795 پر اطلاع دے سکتے ہیں۔

GGH

وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے آج سنگاریڈی میں گورنمنٹ جنرل ہاسپٹل سے منسلک گورنمنٹ میڈیکل کالج اور کریٹکل کیئر بلاک کا افتتاح کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ جنرل ہاسپٹل کی عمارت کا بھی سنگ بنیاد رکھا جس میں 500 بستر ہوں گے۔ کریٹکل کیئر بلاک میں 50 بستروں کی گنجائش ہے۔ وزیر صحت نے ضلع میں مزید چند انفرااسٹرکچر پراجکٹس کا سنگ بنیاد رکھا یا ان کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ حکومت تعلیم اور صحت کو اولین ترجیح دے رہی ہے۔

HEALTH - GST

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے کہا ہے کہ جی ایس ٹی اصلاحات سے طبی علاج کے اخراجات کم ہوں گے اور عوام کی زندگی بہتر ہوگی۔ سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے جی ایس ٹی اصلاحات سے غرباء اور متوسط طبقہ کی بہتری کیلئے حکومت کے عزم کا اظہار ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی بچانے والی 36 ادویات پر جی ایس ٹی صفر فیصد کردی گئی ہے۔ اِن میں کینسر اور دیگر مہلک امراض شامل ہیں۔ نڈا نے کہا کہ لائف انشورنس کو جی ایس ٹی سے مستثنیٰ کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ سب کیلئے کم دام پر طبی خدمات کی فراہمی کیلئے اہم قدم ہے۔

KAMAREDDY

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے آج کاماریڈی ضلع کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا۔انہوں نے کسانوں اور دیگر متاثرین کو تیقن دیا کہ حکومت انہیں ہوئے نقصانات کی تلافی کیلئے ہر ممکن مدد کرے گی۔ چیف منسٹر ہیلی کاپٹر کے ذریعہ ضلع کے تڑوائی منڈل کے ایرا پہاڑ گاؤں پہنچے۔ان کے ہمراہ ریاستی وزراء سیتا اکا، پی سرینواس ریڈی، حکومت کے مشیر محمد علی شبیر، کلکٹر ابھیشیک سنگھوئی اور اعلیٰ عہدیدار موجود تھے۔ چیف منسٹر نے لنگم پیٹ منڈل میں لنگم پلی کوردو پل کا معائنہ کیا۔انہوں نے بوڑی گیڑا گاؤں میں متاثرہ فصلوں کا مشاہدہ کیا۔انہوں نے کاماریڈی ٹاؤن میں سیلاب سے متاثرہ کالونیوں اور سڑکوں کا بھی معائنہ کیا۔ بعد میں انہوں نے کاماریڈی کلکٹریٹ میں ایک تصویری نمائش کا مشاہدہ کیا جس میں سیلاب سے فصلوں، سڑکوں، پلوں اور آبپاشی پراجکٹس کو ہوئے نقصانات کو دکھایا گیا۔ چیف منسٹر نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ نقصانات کا تخمینہ لگاتے ہوئے جامع تجاویز تیار کریں۔انہوں نے کہا کہ پلوں کی عارضی مرمت کے بجائے ان کی ازسرنو تعمیر کیلئے تخمینہ جات تیار کئے جائیں۔کسانوں سے بات چیت کرتے ہوئے ریونت ریڈی نے کہا کہ فصلوں کو شدید نقصان ہوا ہے۔سیلاب کی وجہ سے کھیتوں میں ریت کے ڈھیر جمع ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت ریت کی نکاسی کیلئے اقدامات کرے گی اور متاثرہ فصلوں کیلئے معاوضہ ادا کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ سڑکوں اور آبپاشی پراجکٹس کی مرمت کی جائے گی۔انہوں نے اعلان کیا کہ صورتحال کو معمول پر واپس لانے کے لئے خصوصی فنڈس مختص کئے جائیں گے۔

NIRF:

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے آج دہلی میں نیشنل انسٹیٹیوشنل رینکنگ فریم ورک این آئی آر ایف انڈیا رینکنگ 2025ء جاری کی۔مجموعی زمرے میں انڈین انسٹیٹیوٹ آف تکنالوجی مدراس کو اول

مقام حاصل ہوا ہے۔ اِس کے بعد انڈین انسٹیٹیوٹ آف سائنس بنگلورو اور انڈین انسٹیٹیوٹ آف تکنالوجی بمبئی کو علی الترتیب دوسرا اور تیسرا مقام حاصل ہوا ہے۔ اِس موقع پر دھرمیندر پردھان نے کہا کہ 2014-15ء میں اعلیٰ تعلیم کے شعبہ میں ساڑھے تین کروڑ سے کم طلبہ تھے اور اب یہ تعداد بڑھ کر ساڑھے چار کروڑ ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس تعداد کو 2030ء تک دگنا کرنا چاہتی ہے۔

Sound Byte.

اس دوران مینجمنٹ اداروں کے زمرے میں انڈین انسٹیٹیوٹ آف مینجمنٹ احمد آباد کو اول مقام حاصل ہوا ہے۔ میڈیکل زمرے میں ایمس دہلی کو اول درجہ ملا ہے۔ قانون اداروں کے زمرے میں نیشنل لاء اسکول آف انڈیا یونیورسٹی بنگلورو کو پہلا رینک ملا ہے۔ انڈین انسٹیٹیوٹ آف تکنالوجی حیدرآباد کو مجموعی انڈیا رینکنگس 2025ء میں 12 واں مقام حاصل ہوا ہے۔ حیدرآباد کی نلسار یونیورسٹی آف لاء کو قانون کے زمرے میں تیسرا مقام ملا ہے۔

EID MILAD UN NABI

تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما نے عید میلاد النبیؐ کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پیغمبر اسلام نے محبت، رواداری، ہم آہنگی اور بھائی چارہ کی تعلیمات دیں جو امن اور مجموعی فلاح و بہبود کی سمت مسلسل انسانیت کی رہنمائی کر رہی ہیں۔

KISHAN

مرکزی وزیر کوئلہ و کانکنی کشن ریڈی نے اعلان کیا ہے کہ گھریلو صنعتوں کی ضروریات کی تکمیل کیلئے ملک میں جلد ہی منرل ٹریڈنگ ایکسچینج قائم کیا جائے گا۔ ممبئی میں کوئلہ اور کانوں کی صنعت کیلئے اسٹار ریٹنگ ایوارڈ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ایکسچینج کی سرگرمیوں میں شامل ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کوئلہ کا شعبہ مسلسل بہتری کی سمت گامزن ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آنے والے

برسوں میں کوئلہ کی مانگ میں اضافہ کی توقع ہے۔انہوں نے کہا کہ مستقبل قریب میں کوئلہ کی کانکنی میں خانگی شعبہ کی شرکت 50 فیصد تک بڑھ جائے گی۔تقریب کے دوران کشن ریڈی نے کوئلہ کے شعبہ سے جڑے اداروں کو ایوارڈس پیش کئے اور کول کنٹرولر آرگنائزیشن کی ویب سائٹ کا افتتاح کیا۔سنگارینی کالریز لمیٹڈ کو اس کی چار کانوں کیلئے فائی اسٹار ریٹنگ حاصل ہوئی ہے۔سنگارینی کالریز کے چیرمین بلرام نائک نے مرکزی وزیر نے سٹیفکیٹ حاصل کیا۔

DHARANA

ریاست بھر سے تعلق رکھنے والے اے این ایمس نے آج حیدرآباد کے کوٹھی علاقہ میں کمشنر آف ہیلتھ اینڈ فیملی ویلفیر کے دفتر کے روبرو دھرنا منظّم کیا۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ ان کے کام کے حالات بہتر بنائے جائیں اوران کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔گزشتہ 18 مہینوں سے اے این ایمس اپنے کام سے متعلق مسائل پر احتجاج کررہے ہیں۔تلنگانہ یونائیٹڈ میڈیکل اینڈ ہیلتھ ایمپلائز یونین کے جنرل سکریٹری کے یادانائک نے کہا کہ انتخابات کے دوران کانگریس پارٹی نے اے این ایمس کی خدمات کو باقاعدہ بنانے کا وعدہ کیا تھا لیکن اب تک اس وعدہ کی تکمیل نہیں کی ہے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ کنٹراکٹ کی بنیاد پر کام کررہے اے این ایمس کی خدمات کو باقاعدہ بنایا جائے۔

○○